ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((414

01.09.25

## بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے یونین کونسل خانقاہ شریف علاقہ تھانہ سمہ سٹہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے یونین کونسل خانقاہ شریف علاقہ تھانہ سمہ سٹہ میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سرکل صدر بہاولپور، ایس ایچ او و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال یونین کونسل خانقاہ شریف میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کرنے کے بعد ان کے حل کیلئے احکامات جاری کرر ہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((415

01.09.25

بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ماہ اگست 2025 کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی۔ ضلع بھر میں 3222 مقدمات درج رجسٹر ہوئے ۔ 3911 ملوث ملزمان میں سے 1835 ملزمان گرفتار کرکے چالان عدالت کئے جا چکے ہیں جبکہ 257 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج کئے ہوئے۔ قتل کے 09 جبکہ اقدام قتل کے 11 مقدمات درج رجسٹرڈ ہوئے۔ اغواء کے 46 مقدمات درج رجسٹر کئے گئے۔ جن میں سے 26 مقدمات خارج ہو چکے ہیں، ملوث ملزمان میں سے 11 ملزمان گرفتار ہوئے۔ ریپ کے 31 مقدمات درج رجسٹر کئے گئے اور ملوث ملزمان میں سے 55 ملزمان گرفتار کرکے چالان عدالت کئے گئے۔ ڈکیتی، سرقہ بالجبر کے 40 مقدمہ درج ہوئے جو کہ زیر تفتیش ہیں۔ ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاون کرتے ہوئے بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ میں 67 مقدمات درج رجسٹر کرکے ملوث 67 ملزمان کو گرفتار کرکے اُن کے قبضہ سے 02 رائفل ، 01 رپیٹر، 05 ریوالور ، 02 کاربین ، 52 پسٹل اور 198 گولیاں اسلحہ ناجائز برآمد کیا۔ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 165 مقدمات درج رجسٹر کئے اور 165 ملزمان کو گرفتار کرکے اُن کے قبضہ سے 85 کلو 570 گرام چرس ،ہیروئن 01 کلو 431 گرام، کرسٹل آئس 21 کلو 902 گرام، تقریباً 01 من کے قریب بھنگ، 2796 لیٹر شراب، 310 لیٹر لہن اور 03 چالو بھٹیاں قبضہ پولیس میں لی گئیں۔ جوئے کے خلاف 07 مقدمات درج رجسٹر ہوئے اور 15 ملوث ملزمان میں سے 12 ملزمان گرفتار کئے۔ نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے لاوڈ اسپیکر کی خلاف ورزی کرنے پر 21 مقدمات درج کیے گئے جن میں ملوث 21 ملزمان میں سے 17 ملزمان کو گرفتار کرکے پیش عدالت کیا جا چکا ہے۔ ای گیجٹ ایپ کے ذریعے چوری اور چھینے گئے 76 موبائل فونز ریکور کرکے اصل مالکان کے حوالے کئے گئے۔ مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے A کیٹگری کے 52 مجرمان اشتہاری اور B کیٹگری کے 200 مجرمان اشتہاری سمیت کل 252 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔اسی طرح عدالتی مفروران کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 09 عدالتی مفروران کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری ہیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ماہ اگست 2025 کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی